# سکولوں کی پرائیویسی پالیسی

# (SCHOOLS' PRIVACY POLICY)

ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (Department of Education and Training) (ڈیپارٹمنٹ) آپ کی پرائیویسی کو اہمیت دیتا ہے اور ان معلومات کے تحفظ کا عزم رکھتا ہے جو سکول اکٹھی کرتے ہیں۔

ڈیپارٹمنٹ کے کانٹریکٹرز، سروس پرووائیڈرز اور رضاکاروں سمیت تمام عملہ اور وکٹوریا کے تمام گورنمنٹ سکول **(سکول)** وکٹوریا کے پرائیویسی کے قانون اور اس پالیسی پر عمل کرنے کے پابند ہیں۔

وکٹوریا کے گورنمنٹ سکولوں میں 'ذاتی تفصیلات' اور 'صحت کی تفصیلات' کا انتظام *پرائیویسی اینڈ ڈاٹا پروٹیکشن ایکٹ 2014* (Vic) (*Privacy and Data Protection Act 2014* (Vic)) اور *ہیلتھ ریکارڈز ایکٹ 2001* (Vic)(*Health Records Act 2001* (Vic)) (جنہیں ملا کر **Victorian privacy law** کہا جاتا ہے) کے تحت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، ڈیپارٹمنٹ اور وکٹوریا کے گورنمنٹ سکول *وکٹورین ڈاٹا شیئرنگ ایکٹ 2017* (*Victorian Data Sharing Act 2017*) کی تعمیل کے بھی پابند ہیں۔

یہ پالیسی واضح کرتی ہے کہ وکٹوریا کے گورنمنٹ سکول کس طرح وکٹوریا کے پرائیویسی کے قانون (Victorian privacy law) اور دیگر متعلقہ قوانین کے مطابق ذاتی تفصیلات اور صحت کی تفصیلات اکٹھی کرتے ہیں اور ان کا انتظام کرتے ہیں۔

## تعریفیں

**ذاتی تفصیلات** ایک شخص کے متعلق ریکارڈ کی جانے والی معلومات یا رائے ہے، خواہ یہ درست ہو یا نہ ہو، جس سے اس شخص کی شناخت ظاہر ہو یا معقول طور پر شناخت کا تعیّن کیا جا سکتا ہو۔ یہ معلومات یا رائے کسی بھی شکل میں ریکارڈ ہو سکتی ہے۔ ایک شخص کا نام، پتہ، فون نمبر اور تاریخ پیدائش (عمر) سب ذاتی تفصیلات کی مثالیں ہیں۔

**حسّاس تفصیلات** اس قسم کی ذاتی تفصیلات ہیں جنہیں امتیازی سلوک کے خطرے کی وجہ سے زیادہ قانونی تحفظ حاصل ہے۔ ان میں کسی قابل شناخت شخص کے نسلی یا قومی ماخذ، سیاسی آراء یا وابستگیوں، مذہبی عقائد یا وابستگیوں، فلسفیانہ خیالات، جنسی رجحان یا طرز عمل، مجرمانہ ریکارڈ یا کسی ٹریڈ یونین کی رکنیت کے متعلق معلومات شامل ہیں۔

*Privacy and Data Protection Act 2014* (Vic) وکٹوریا میں ذاتی اور حسّاس تفصیلات کے ضوابط طے کرتا ہے۔

**صحت کی تفصیلات** کسی قابل شناخت شخص کی جسمانی، ذہنی یا نفسیاتی صحت اور معذوری کے متعلق معلومات یا رائے ہے۔ صحت کی تفصیلات ایک قسم کی ذاتی تفصیلات ہیں اور انہیں بھی اپنے حسّاس ہونے کے سبب مختلف اور زیادہ قانونی تحفظ حاصل ہے۔

*Health Records Act .2001* (Vic) وکٹوریا میں صحت کی تفصیلات کے ضوابط طے کرتا ہے۔

*نوٹ:* جن معلومات میں سے افراد کی شناختی تفصیلات نکال دی گئی ہوں، وہ اس صورت میں دوبارہ ذاتی تفصیلات بن سکتی ہیں کہ ان میں شناخت دوبارہ مہیا ہو جائے یا شناخت دوبارہ مہیا ہو جانے کا زیادہ خطرہ ہو مثال کے طور پر اگر انہیں عوام کے لیے جاری کر دیا جائے یا متعلقہ افراد کا گروہ چھوٹا ہو۔

## ہم کونسی معلومات اکٹھی کرتے ہیں؟

سکول مندرجہ ذیل قسموں کی معلومات اکٹھی کرتے ہیں۔

- طالبعلموں اور ان کے گھرانوں کے متعلق معلومات جو طالبعلموں، ان کے گھرانوں اور دوسرے لوگوں نے مہیا کی ہوں – جیسے رابطے اور داخلے کی تفصیلات، صحت کی تفصیلات، اور پرورش کی ذمہ داری اور طالبعلموں سے ملنے کی اجازت کے انتظامات۔
- ملازمت کے درخواست گزاروں، عملے، رضاکاروں اور سکول میں آنے والوں کے متعلق وہ معلومات جو ملازمت کے درخواست گزاروں، عملے، رضاکاروں، سکول میں آنے والوں اور دوسروں نے دی ہوں – جیسے کوالیفیکیشنز، بچوں کے ساتھ کام کرنے کے لیے چھان بین، اساتذہ کی رجسٹریشن اور بینکنگ کی تفصیلات۔
- اگر طالبعلموں، عملے اور گھرانوں کی سرگرمیاں سکول کے احاطے میں ہو رہی ہوں تو ان سرگرمیوں کے بارے میں معلومات (جیسے CCTV یا سکول یا ڈیپارٹمنٹ کے سسٹمز (جیسے سکول کے نیٹ ورکس یا سکول کے حاصل کردہ سافٹ ویئر) استعمال کر کے اکٹھی کی گئی معلومات۔

## ہم یہ معلومات کیسے اکٹھی کرتے ہیں؟

سکول کئی طریقوں سے معلومات اکٹھی کرتے ہیں جن میں یہ شامل ہیں:

- ذاتی طور پر اور فون پر: طالبعلموں اور ان کے گھرانوں، عملے، رضاکاروں، سکول میں آنے والوں، ملازمت کے درخواست گزاروں اور دوسروں سے
- ملازمت کی درخواستوں، ای میلز، انوائسز، خطوط اور فارموں (جیسے داخلے، دورہ جات، علاج سے متعلق، سپیشلسٹس یا رضامندی کے فارم) جیسی الیکٹرانک دستاویزات اور کاغذات سے
- سکول کی ویب سائیٹس اور سکول کے کنٹرول کے تحت سوشل میڈیا کے ذریعے
- آن لائن وسائل کے ذریعے: جیسے سکولوں کے استعمال میں ایپس اور دیگر سافٹ ویئر
- سکولوں میں لگے ہوئے CCTV کیمروں کے ذریعے
- فوٹوز، وڈیوز اور دوسری ریکارڈنگز کے ذریعے
- پول، سروے اور سوالناموں کے ذریعے
- اور بعض اوقات، دوسری خدمات کے ساتھ تبادلۂ معلومات کے ان انتظامات کے ذریعے جن کی اجازت ہے۔

## معلومات کے حصول کے نوٹس

سکول داخلہ ہونے پر اور سالانہ بنیادوں پر گھرانوں کو ذاتی تفصیلات کے حصول کا نوٹس (privacy collection notice) (جسے معلومات کے حصول کا بیان (collection statement) یا پرائیویسی نوٹس (privacy notice) بھی کہا جاتا ہے) دیتے ہیں تاکہ انہیں مندرجہ ذیل سے مطلّع کیا جائے:

- گھرانوں اور طالبعلموں کے متعلق معلومات اکٹھی کرنے کی وجہ
- معلومات کیسے استعمال اور منکشف کی جاتی ہیں
- معلومات تک رسائی، تبدیلی سے آگاہ کرنے اور تصحیح کا طریقہ۔

سکول سال کے دوران معلومات کے حصول کے ایڈہاک (خاص مقصد کے لیے) نوٹس بھی بھیج سکتے ہیں، مثال کے طور پر اگر وہ نئی ٹیکنالوجیاں یا طریق کار اختیار کر رہے ہوں تو۔

## رضامندی کے طریق کار

رضامندی سے مراد یہ ہے کہ کوئی اپنی تفصیلات کے اکٹھے، استعمال اور/یا سکول یا ڈیپارٹمنٹ سے باہر کسی کو دیے جانے کے لیے اپنی مرضی سے اتفاق کرے۔

جب ضرورت ہو، حالات کے لحاظ سے مختلف طریقوں سے رضامندی طلب کی جاتی ہے اور یہ زبانی، آن لائن یا تحریری ہو سکتی ہے۔ رضامندی کے کئی طریق کار ہیں جنہیں تعلیمی سال کے دوران استعمال کیا جا سکتا ہے۔

کچھ رضامندیاں سالانہ ہوتی ہیں مثال کے طور پر سالانہ فوٹوگرافی کے لیے رضامندی جبکہ کچھ کسی خاص مقصد کے لیے ہوتی ہیں جیسے سکول کے کسی پروگرام کے لیے معلومات اکٹھی کرنا یا نئی سافٹ ویئر ایپلیکیشن کے استعمال کے لیے۔

طالبعلموں کی فوٹو کھینچنے کے لیے رضامندی طلب کرتے ہوئے سکول طالبعلموں کی فوٹوگرافی، فلمنگ اور ریکارڈنگ کی پالیسی (Photographing, Filming and Recording Students Policy) کا اطلاق کرتے ہیں۔

سکولوں میں دستیاب صحت کی خدمات خاص رضامندی فارم استعمال کرتی ہیں جن میں صحت کی تفصیلات کے استعمال اور انکشاف کے لیے رضامندی شامل ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر سکول طالبعلموں کی ان خدمات تک رسائی کے لیے سٹوڈنٹ سپّورٹ سروسز (Student Support Services) کا رضامندی فارم استعمال کرتے ہیں۔

### لوگوں کے متعلق ایسی معلومات جو سکول نے طلب نہ کی ہوں

سکولوں کو آپ کے متعلق ایسی معلومات مل سکتی ہیں جو حاصل کرنے کے لیے سکول نے خود کوئی قدم نہ اٹھایا ہو۔ اگر قانون کے تحت اجازت ہو یا لازمی ہو تو سکول ان معلومات کا ریکارڈ رکھ سکتے ہیں۔ اگر صورتحال اس کے برعکس ہو تو جہاں عملاً ممکن ہو، قانونی ہو اور معقول ہو، سکول ان معلومات کو تلف کر دیں گے یا ان میں سے شناخت نکال دیں گے۔

---

## ہم یہ معلومات کیوں اکٹھی کرتے ہیں؟

### طالبعلموں اور ان کے گھرانوں کے متعلق معلومات اکٹھی کرنے کے بنیادی مقاصد

جہاں ضروری ہو، سکول طالبعلموں اور ان کے گھرانوں کے متعلق معلومات اکٹھی کرتے ہیں تاکہ:

- طالبعلموں کو تعلیم دی جائے
- طالبعلموں کی سماجی اور جذباتی فلاح اور صحت میں مدد دی جائے
- قانونی تقاضے پورے کیے جائیں جن میں یہ شامل ہیں:
  - طالبعلموں، عملے اور سکول میں آنے والوں کے لیے ایسے نقصان کا خطرہ کم کرنا جسے معقول طور پر پہلے سے دیکھا جا سکتا ہو (نگہداشت کا فریضہ)
  - معذور طالبعلموں کے لیے معقول انتظامات کرنا (امتیازی سلوک کے خلاف قانون)
  - جس حد تک معقول طور پر عملاً ممکن ہو، سکول میں کام کی جگہوں پر لوگوں کی صحت اور حفاظت یقینی بنانا (پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت کا قانون)
- سکولوں کو اس قابل بنایا جائے کہ:
  - وہ طالبعلموں کے تعلیمی معاملات کے متعلق والدین کے ساتھ تبادلۂ معلومات کریں اور طالبعلموں کی محنت اور کامیابیوں کی خوشی منائیں
  - سکولوں کا اچھا نظم و ضبط اور انتظام برقرار رکھیں
- ڈیپارٹمنٹ کو اس قابل بنایا جائے کہ:
  - وہ سکولوں کی مؤثر مینیجمنٹ، وسائل کی فراہمی اور نظم و نسق یقینی بنائے
  - قانون کے تحت اپنے کام اور فرائض انجام دے
  - ڈیپارٹمنٹ کی پالیسیوں، خدمات اور کاموں کی منصوبہ بندی کرے، ان کے لیے مالی وسائل فراہم کرے، اور ان کی نگرانی، ریگولیشن اور جانچ کرے
  - رپورٹنگ کے تقاضوں کی تعمیل کرے
  - سکولوں میں واقعات کی چھان بین کرے اور/یا ڈیپارٹمنٹ یا اس کے کسی سکول کے خلاف قانونی دعووں کا جواب دے۔

## دوسروں کے متعلق معلومات کے حصول کے بنیادی مقاصد

سکول عملے، رضاکاروں اور ملازمت کے درخواست گزاروں کے متعلق معلومات اکٹھی کرتے ہیں تاکہ:

- ملازمت یا رضاکارانہ کام کے لیے درخواست گزار کی موزونیت جانچی جائے
- ملازمت یا رضاکار کی تعیّناتی کا انتظامی کام کیا جائے
- انشورنس کے مقاصد سے جس میں عوام کی طرف ذمہ داری کی انشورنس اور WorkCover شامل ہے
- قانونی ذمہ داریاں پوری کی جائیں جس میں ملازمت اور معاہدے کے تحت ذمہ داریاں، پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت کے قانون اور واقعات کی چھان بین کی ذمہ داریاں شامل ہیں
- سکولوں یا ڈیپارٹمنٹ کے خلاف قانونی دعووں کا جواب دیا جائے۔

## ہم معلومات کو کب استعمال یا منکشف کرتے ہیں؟

معلومات کے استعمال اور انکشاف سے مراد یہ ہے کہ انہیں ایک خاص مقصد کے لیے کیسے استعمال کیا جاتا ہے اور/یا دوسرے افراد یا تنظیموں کو کیسے دیا جاتا یا ان کے لیے کیسے مہیا کیا جاتا ہے۔

سکول Victorian privacy law اور دیگر متعلقہ قوانین کے مطابق معلومات اکٹھی یا منکشف کرتے ہیں جس میں یہ شامل ہے:

- کسی **بنیادی مقصد** کے لیے – جس کی تعریف اوپر دی گئی ہے
- کسی **متعلقہ ثانوی مقصد** کے لیے جس کی معقول طور پر توقع کی جا سکتی ہے – مثال کے طور پر سکول کاؤنسل کو اس قابل بنانے کے لیے کہ یہ اپنے اہداف، کام اور اختیارات پورے کرے
- کسی **نوٹس اور/یا رضامندی** کے ساتھ – مثال کے طور پر داخلے کی تفصیلات کے استعمال اور انکشاف کے لیے دی گئی رضامندی کے ساتھ (اکٹھی کی گئی معلومات رضامندی کے بغیر ڈیپارٹمنٹ کے علاوہ کسی پر منکشف نہیں کی جائیں گی، سوائے اس کے کہ یہ انکشاف قانونی ہو)
- جب ڈیپارٹمنٹ معقول طور پر سمجھتا ہو کہ یہ مندرجہ ذیل کو درپیش **سنگین خطرے کو کم یا ختم کرنے کے لیے ضروری** ہے:
  - کسی شخص کی زندگی، صحت، حفاظت یا فلاح
  - عوام النّاس کی صحت، حفاظت یا فلاح
- جب **قانون کے تحت یہ لازمی ہو یا اس کی اجازت ہو** – جس میں ہمارے امتیازی سلوک کے قانون، پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت کے قانون، بچوں کی فلاح اور حفاظت کے قانون، عائلی تشدّد کے قانون کے سبب، یا ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ اور گھرانوں، انصاف اور رہائش کے ڈیپارٹمنٹ (Department of Families, Fairness and Housing) جیسے اداروں کو رپورٹنگ کے فرائض پورے کرنے کے لیے اور ٹرائیبونل یا عدالت کے احکام، سبپینا (طلبی نوٹس) سمنز (بلاوے) یا تلاش کے وارنٹ کی تعمیل اور کچھ حالات میں اپنا نگہداشت کا فریضہ پورا کرنے کے لیے استعمال یا انکشاف شامل ہے
- جب بچوں پر تشدّد اور عائلی تشدّد کے متعلق تبادلۂ معلومات کی سکیموں ( Child and Family Violence Information Sharing Schemes) کے تحت، وکٹوریا کے دوسرے سکولوں اور وکٹوریا کی خدمات کے ساتھ یہ بچوں کی فلاح یا حفاظت کے فروغ یا عائلی تشدّد کا خطرہ جانچنے یا سنبھالنے کے لیے مطلوب ہو
- **غیر قانونی سرگرمی** کے شک کی تفتیش یا رپورٹ کے لیے یا جب نفاذ قانون کے خاص مقصد کے تحت یا معقول طور پر ضروری ہو، جس میں جرم یا سنگین نامناسب طرزعمل کی روک تھام یا تفتیش شامل ہے، جو نفاذ قانون کے ادارے کی جانب سے یا اس کی نمائندگی میں ہو
- شناخت کے بغیر معلومات کے طور پر، **تحقیق یا سکول کے شماریاتی** مقاصد کے لیے یا ڈیپارٹمنٹ کی پالیسی اور حکمت عملی کے لیے درکار معلومات کے طور پر
- **قانونی دعوی** کرنے یا اس کا جواب دینے کے لیے

## منفرد شناختی نمبر

ڈیپارٹمنٹ وکٹوریا کے ہر گورنمنٹ سکول کے طالبعلم کو اپنے سٹوڈنٹ ریکارڈز سسٹم میں ایک منفرد شناختی نمبر (unique identifier) دیتا ہے تاکہ سکول اپنے کام مؤثر طور پر انجام دے سکیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، ڈیپارٹمنٹ وکٹوریا کے گورنمنٹ سکول، خود مختار سکول یا کیتھولک سکول میں داخلے کے وقت ہر طالبعلم کے لیے وکٹوریا میں نصاب اور جانچ کی اتھارٹی ((Victorian Curriculum and Assessment Authority (VCAA)) کا دیا ہوا ایک منفرد وکٹورین سٹوڈنٹ نمبر (Victorian Student Number (VSN)) استعمال کرتا ہے۔ VSN کا استعمال قانونی ضوابط کے تحت ہے اور اسے صرف قانون میں طے کردہ طریقے سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ڈیپارٹمنٹ انٹرنیشنل طالبعلموں کو بھی ایک منفرد انٹرنیشنل سٹوڈنٹ آڈینٹیفائر نمبر دیتا ہے۔

سکول دیگر منفرد شناختی نمبروں کا اطلاق کر سکتے ہیں۔

پیشہ ورانہ یا یونیورسٹی کی تعلیم حاصل کرنے والے طالبعلم وفاقی حکومت کے جاری کردہ اور اس کے انتظام کے تحت منفرد شناختی نمبر Unique Student Identifier (USI) کے لیے بھی رجسٹر کر سکتے ہیں۔ USI کو طالبعلموں کی منظور شدہ آسٹریلین تربیت اور کوالیفکیشن کا آن لائن ریکارڈ بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ طالبعلموں کے لیے USI حاصل کرنا ضروری ہے اور اس کے بعد ہی انہیں کوالیفیکیشن یا حصول تعلیم کی سٹیٹمنٹ مل سکتی ہے۔

## طالبعلموں کی منتقلی

### وکٹوریا کے گورنمنٹ سکولوں کے درمیان

جب ایک طالبعلم کو کسی دوسرے وکٹورین گورنمنٹ سکول میں داخلہ مل جائے اور اسے وہاں بھیجا جا رہا ہو تو موجودہ سکول اگلے سکول کو طالبعلم کے متعلق معلومات منتقل کرتا ہے۔ اس میں صحت کی تفصیلات سمیت طالبعلم کے سکول ریکارڈز کی کاپیاں بھیجنا شامل ہو سکتا ہے۔ اس کے لیے والدین کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہے۔

اس طرح نئے سکول کے لیے طالبعلم کو تعلیم کی فراہمی، طالبعلم کی سماجی اور جذباتی فلاح اور صحت میں مدد دینا اور قانونی تقاضوں کی تکمیل جاری رکھنا ممکن ہوتا ہے۔

### وکٹوریا کے غیر سرکاری اور کیتھولک سکولوں میں اور سے منتقلی

جب ایک طالبعلم کو وکٹوریا کے کسی غیر سرکاری سکول میں داخلہ مل جائے اور اسے وہاں بھیجا جا رہا ہو تو موجودہ سکول والدین کی رضامندی سے اگلے سکول کو طالبعلم کے ریکارڈ سے بنایا گیا ٹرانسفر نوٹ فراہم کرتا ہے۔

اس کے علاوہ، موجودہ سکول نئے سکول کو ایسی معلومات دے سکتا ہے جن سے طالبعلم کی فلاح یا حفاظت کا فروغ ہو یا تبادلۂ معلومات کی سکیموں (information sharing schemes) کے تحت عائلی تشدّد کا خطرہ جانچنا یا سنبھالنا ممکن ہو۔

### انٹرسٹیٹ سکولوں میں اور سے منتقلی

جب ایک طالبعلم کو وکٹوریا سے باہر کسی سکول میں داخلہ مل جائے اور اسے وہاں بھیجا جا رہا ہو یا طالبعلم باہر سے وکٹوریا کے سکول میں آ رہا ہو تو اس کا موجودہ سکول والدین کی رضامندی کے ساتھ نئے سکول کو ایک ٹرانسفر نوٹ فراہم کرتا ہے۔

سکولوں کے درمیان تبادلۂ معلومات کے لیے مزید ہدایات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں:
https://www2.education.vic.gov.au/pal/enrolment/guidance/student-transfers-between-schools

## NAPLAN کے نتائج

NAPLAN کلاس 3، 5، 7 اور 9 کے طالبعلموں کی قومی جانچ ہے جو پڑھنے، لکھنے، زبان اور حساب سے تعلق رکھتی ہے۔

سکول اپنے یہاں پڑھنے والے طالبعلموں کے نتائج کے تجزیے کے ذریعے اپنے تعلیمی پروگراموں کی جانچ کے لیے NAPLAN کا ڈاٹا استعمال کرتے ہیں۔

وکٹوریا کے گورنمنٹ سکول سٹوڈنٹ ریکارڈ سسٹمز سے طالبعلموں کے NAPLAN کے نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ جب ایک طالبعلم کسی خودمختار، کیتھولک یا انٹرسٹیٹ سکول میں یا سے منتقل ہو تو جس سکول میں جانچ ہوئی تھی، وہ والدین کی رضامندی کے ساتھ نئے سکول کو طالبعلم کے NAPLAN کے نتائج فراہم کر سکتا ہے۔

## شکایات کا جواب دینا

کبھی کبھار وکٹوریا کے گورنمنٹ سکولوں اور ڈیپارٹمنٹ کے مرکزی اور ریجنل دفاتر کو والدین اور دوسرے لوگوں کی طرف سے شکایات ملتی ہیں۔ سکول اور/یا ڈیپارٹمنٹ کے مرکزی یا ریجنل دفاتر ان شکایات کا جواب دینے کے لیے اس طریق سے معلومات استعمال اور منکشف کریں گے جو مناسب تصوّر کیا جاتا ہو (اس میں بیرونی تنظیموں یا اداروں کو دی گئی شکایات کا جواب دینا بھی شامل ہے)۔ اس طریق کار کے متعلق مزید معلومات یہاں دیکھی جا سکتی ہیں: شکایات – والدین کے لیے پالیسی (Complaints – Parents policy) (https://www2.education.vic.gov.au/pal/complaints/policy)

ڈیپارٹمنٹ کے انٹرنیشنل سٹوڈنٹ پروگرام (International Student Program) کے متعلق شکایات کا انتظام ISP شکایات اور اپیلوں کی پالیسی (Complaints and Appeals Policy) کے تحت کیا جاتا ہے (https://www.study.vic.gov.au/Shared%20Documents/en/School_Toolkit/ISP_Complaints_and_Appeals_Process_Guide.docx)

بالخصوص ڈیپارٹمنٹ یا سکول کے ذاتی تفصیلات کو برتنے کے متعلق شکایات کا انتظام پرائیویسی سے متعلق شکایات کے عمل کے تحت کیا جاتا ہے (https://www.education.vic.gov.au/about/contact/Pages/privacycomplaints.aspx).

## معلومات تک رسائی

تمام افراد یا ان کے مجاز نمائندوں کو ان معلومات تک رسائی، ان میں تبدیلیوں سے آگاہ کرنے یا تصحیح کروانے کا حق حاصل ہے جو سکول نے ان کے متعلق رکھی ہوں، بشرطیکہ معلومات یا ریکارڈوں تک رسائی سے کسی بچے یا بچوں کی حفاظت کے لیے خطرہ نہ بڑھتا ہو۔

## طالبعلم سے تعلق رکھنے والی معلومات تک رسائی

سکول صرف ان طالبعلموں، والدین، سنبھالنے والوں یا دیگر افراد کو سکول کی رپورٹیں اور سکول کی طرف سے عام پیغامات فراہم کرتے ہیں جنہیں یہ معلومات لینے کا قانونی حق حاصل ہو۔ طالبعلم کے متعلق دیگر معلومات تک رسائی یا دوسرے لوگوں کی رسائی حاصل کرنے کی درخواستوں کے لیے ضروری ہے کہ ڈیپارٹمنٹ کے Freedom of Information یونٹ کے ذریعے حصول معلومات کی آزادی ((FOI) Freedom of Information) کی درخواست دی جائے۔

کچھ حالات میں ممکن ہے کہ ایک مجاز نمائندے کو طالبعلم کے متعلق معلومات لینے کا حق نہ ہو۔ ان حالات میں یہ شامل ہے کہ رسائی دینا طالبعلم کے بہترین مفاد میں نہ ہو یا اس سے ہم پر واجب طالبعلم کی نگہداشت کے فریضے کی خلاف ورزی ہو یا یہ ایک سمجھدار نابالغ طالبعلم کی خواہشات کے خلاف ہو یا اس سے کسی اور شخص کی پرائیویسی نامعقول طور پر متاثر ہو۔

اس کے ساتھ ساتھ، Child and Family Violence Information Sharing Schemes مخصوص تنظیموں کو ایک دوسرے کو بصیغۂ راز معلومات دینے کی اجازت دیتی ہیں تاکہ بچوں کی فلاح یا حفاظت کو فروغ دیا جائے یا عائلی تشدّد کےخطرے کو جانچا یا سنبھالا جائے۔ وکٹوریا کے سکول اور وکٹوریا میں بہت سی دوسری خدمات ان سکیموں کے تحت آتی ہیں۔ مزید جاننے کے لیے تبادلۂ معلومات اور MARAM اصلاحات دیکھیں: (Information sharing and MARAM reforms) (https://www.vic.gov.au/information-sharing-schemes-and-the-maram-framework)

## عملے سے تعلق رکھنے والی معلومات تک رسائی

سکولوں کا عملہ پہلے پرنسپل سے رابطہ کر کے اپنی بطور ملازم فائل تک رسائی طلب کر سکتا ہے۔

عملے کی صحت کی تفصیلات تک رسائی کے متعلق رہنمائی یہاں دستیاب ہے: صحت کی تفصیلات تک رسائی – ملازمین (Access to health information – Employees) (https://www2.education.vic.gov.au/pal/access-health-information/overview)

اگر براہ راست رسائی نہ دی جائے تو عملے کا رکن Department's Freedom of Information یونٹ کے ذریعے رسائی کی درخواست کر سکتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے Freedom of information درخواستوں کے متعلق پڑھیں (https://www.education.vic.gov.au/about/working/Pages/foi.aspx) (

---

## معلومات جمع رکھنا اور معلومات کی حفاظت

وکٹوریا کے گورنمنٹ سکول معلومات کو غلط استعمال اور کھو جانے، اور بلا اجازت رسائی، تبدیلی اور انکشاف سے بچانے کے لیے تمام معقول اقدامات کرتے ہیں۔ وہ کاغذی اور الیکٹرانک ریکارڈز کی شکل میں تمام معلومات کو ڈیپارٹمنٹ کی ریکارڈز مینیجمنٹ پالیسی اور معلومات کی حفاظت کے معیاروں کے مطابق بحفاظت جمع رکھتے ہیں۔ سکولوں کے تمام ریکارڈز کو متعلقہ Public Record Office Victoria کے ریکارڈز کو رکھنے اور تلف کرنے کی اتھارٹیوں (Retention and Disposal Authorities) کے تقاضوں کے مطابق رسمی طور پر تلف کر دیا جاتا ہے یا سٹیٹ آرکائیوز (پبلک ریکارڈ آفس وکٹوریا) State Archives (Public Record Office Victoria) میں منتقل کر دیا جاتا ہے۔مزید معلومات کے لیے سکولوں کے لیے ریکارڈز مینیجمنٹ پالیسی (Records Management policy for schools) دیکھیں۔

وکٹوریا کے گورنمنٹ سکولوں کو ایسے وسائل اور معلومات فراہم کی جاتی ہیں جن سے انہیں پرائیویسی اور معلومات کے انتظام کے سلسلے میں خطرے کے حوالے سے سافٹ ویئر اور کانٹریکٹ پر کام کرنے والے سروس پرووائیڈرز کی جانچ میں مدد ملے۔ پرائیویسی پر اثرات کی جانچیں (Privacy Impact Assessments (PIAs) سکولوں کو سکول میں تیسرے فریقوں کے اس سافٹ ویئر کی جانچ میں مدد دیتی ہیں جو ذاتی، حسّاس یا صحت کی تفصیلات سنبھالتا ہے۔ PIAs انجام دینے سے سکولوں کو پرائیویسی اور حفاظت کے لیے خطرات شناخت کرنے، وکٹوریا کے پرائویسی کے قوانین کی تعمیل کا جائزہ لینے اور شناخت کیے گئے خطرات کو سنبھالنے کے لیے مطلوبہ اقدامات کا ثبوت رکھنے میں مدد ملتی ہے۔

EU سے آنے والے انٹرنیشنل طالبعلموں کے لیے یورپیئن یونین کی جنرل ڈاٹا پروٹیکشن ریگولیشنز European Union's (EU's) General Data Protection Regulation (GDPR) کا اطلاق ہوتا ہے۔ سوالات کے لیے یہاں رابطہ کریں international@education.vic.gov.au

---

## اپنی تفصیلات میں تبدیلی سے آگاہ کرنا

یہ اہم ہے کہ ہمارے پاس طالبعلموں، گھرانوں اور عملے کے متعلق جو معلومات ہوں، وہ درست، مکمل اور تازہ ہوں۔ جب آپ کی طرف سے سکول کو دی گئی معلومات میں تبدیلی آئے تو براہ مہربانی اپنے سکول کے جنرل آفس سے رابطہ کریں۔

---

## FOI اور پرائیویسی

FOI درخواست دینے کے لیے یہاں رابطہ کریں:

**Freedom of Information Unit**
Department of Education and Training
2 Treasury Place, East Melbourne VIC 3002
(03) 7022 0078
foi@education.vic.gov.au

FOI کے متعلق مزید معلومات کے لیے دیکھیں
https://www.education.vic.gov.au/about/working/Pages/foi..aspx

اگر پرائیویسی کے متعلق آپ کا کوئی سوال یا شکایت ہو تو براہ مہربانی یہاں رابطہ کریں:

(**Knowledge, Privacy and Records Branch**
Department of Education and Training
2 Treasury Place, East Melbourne VIC 3002
(03) 8688 7967
privacy@education.vic.gov.au